ملکی، کچھ امامانِ دوراں اور بعض علماء ہائے زمان جس دین اور شریعت اور قانونی نظام کے لیے اپنے علمی ترکش اٹھائے میدانِ وغا میں قوت آزمائی کر رہے ہیں، اس کے ذریعے موجودہ زندگی کی اُلجھی ہوئی ڈور اور زیادہ اُلجھ جائے گی۔ لہٰذا وہ اسلامی قانون پر بحثیں کرتے رہیں اور عملاً کام اسی طرح چلتا رہے، جیسے ہے۔ بحثیں اٹھانے والے حضرات کو یہ چیزیں ضرور سامنے رکھنی چاہئیں۔

قیم جماعتِ اسلامی پاکستان کا اہم اعلان

مرکزی مجلسِ شوریٰ کے اجلاس منعقدہ ۱۸ تا ۲۱ دسمبر ۱۹۸۶ء میں جماعتِ اسلامی پاکستان کا نیا انتخابی منشور مرتب کرنے کے لیے ایک کمیٹی مقرر کی گئی ہے، جو انشاء اللہ فروری ۱۹۸۸ء کے آخری ہفتے میں منشور جماعت کی ترتیب و تیاری کا کام شروع کر دے گی۔ کمیٹی اپنا پہلا اجلاس منعقد کر چکی ہے۔

جماعت کے تمام ماتحت امراء، اہل الرائے حضرات اور برادر تنظیموں کے ذمہ دار حضرات اور مختلف شعبہ ہائے زندگی میں خصوصی دلچسپی اور مہارت رکھنے والے جملہ احباب سے اپیل ہے کہ وہ براہ کرم منشور جماعت کے سلسلے میں اپنی قیمتی آراء، اور اہم تجاویز ضلعی امراء کی وساطت سے یا براہ راست زیر دستخطی کو ۲۰ / فروری ۱۹۸۸ء تک بھیج دیں۔

یہ تجاویز پورے منشور کے سلسلہ میں بھی ہو سکتی ہیں اور کسی ایک شعبہ کے بارے میں بھی۔ والسلام

محمد اسلم سلیمی۔ قیم جماعتِ اسلامی پاکستان منصورہ لاہور ۱۸